1747 ـ ٹریفك حادثات کی تصاویر بنانا جس میں اشخاص ظاہر ہوں

سوال

ہم ٹریفك حادثات کے محکمہ میں کام کرتے ہیں، اور بعض اوقات ہمیں اپنے ملك کے شہریوں حقوق محفوظ رکھنے کے لیے کچھ حادثات کی تصاویر بھی بنانا پڑتی ہیں، اور وہاں موجود کچھ افراد کی تصاویر بھی آ جاتی ہیں، اس عمل کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس کام میں کوئی حرج نہیں، کیونکہ یہ تصویر کسی مصلحت بلکہ ضرورت کی خاطر بنائی گئی ہے، اور جب اس تصویر میں کوئی ایسا شخص بھی آ جائے جس کا حادثہ سے کوئی تعلق بھی نہیں ت واس میں کوئی حرج والی بات نہیں...

لیکن اگر انسان کیمرہ سے وہ تصویر اتارے جو وہ اپنے پاس محفوظ رکھے تو یہ ممنوع ہے، اور یہ فی ذاتہ نہیں، بلکہ اس مقصد کی بنا پر جس کی وجہ سے اس نے تصویر بنائی ہے، اور وہ بغیر کسی ضرورت کے تصویر اتارنا ہے، اور جس مقصد کے لیے آپ لوگ حادثہ والی جگہ کی تصویر بناتے ہیں وہ مقصد صحیح ہے، اور اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں.